© rasailojaraid.com



ادارہ

# قومی اسمبلی میں مولانا سمیع الحق کی شہادت پر مذمتی قرارداد منظور

۶ نومبر (اسلام آباد) قومی اسمبلی نے آج ایک متفقہ قرارداد کی منظوری دی جس میں جمعیت علمائے اسلام (س) کے سربراہ مولانا سمیع الحق کی شہادت پر سفاکانہ کردار کی مذمت کی گئی ہے۔

یہ قرارداد پارلیمانی امور کے وزیر مملکت علی محمد خان نے پیش کی تھی جس میں مولانا سمیع الحق کو ان کی مذہبی، تعلیمی اور سیاسی خدمات پر زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا ہے۔

قرارداد میں حکومت پر زور دیا گیا کہ وہ مستقبل میں ایسے واقعات سے بچنے کے لئے قومی قیادت کو جامع سکیورٹی کی فراہمی کے حوالے سے ضروری اقدامات کرے۔ قرارداد میں مولانا سمیع الحق کے قاتلوں کی گرفتاری کا مطالبہ بھی کیا گیا ہے۔

سینٹ میں بھی ایک متفقہ قرارداد منظور کی گئی جس میں ممتاز مذہبی رہنما اور سابق سینٹر مولانا سمیع الحق کی مظلومانہ شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا گیا ہے۔ قرارداد میں مولانا سمیع الحق کو ان کی سیاسی اور مذہبی خدمات پر خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ (ملکی اخبارات سے ماخوذ)

---

© rasailojaraid.com